SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
December 19, 2018

## عوام ریلائبل اسٹیٹ کے نام سے قائم جعلی کمپنی سے ہوشیار رہیں: ایس ای سی پی

اسلام آباد (19 دسمبر) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے عوام الناس کو انتباہ کیا ہے کہ ریلائبل اسٹیٹ کے نام سے قائم جعلی کمپنی جو کہ غیر قانونی اور مشکوک سرگرمیوں میں ملوث ہے، میں کسی بھی قسم کی سرمایہ کاری نہ کریں۔

یہ جعلی کمپنی سوشل میڈیا پر اشتہارات کے ذریعے عوام کو مختلف ملٹی لیول مارکیٹنگ اور غیر حقیقی منافع کے وعدوں پر مبنی فراڈ سکیموں میں سرمایہ کاری کے لئے ترغیب دے رہی ہے اور عوام سے رقم بٹورنے کی کوشش کر رہی ہے۔ جعلی کمپنی کی ویب سائٹ پر، ریلائبل اسٹیٹ پرائیویٹ لمیٹڈ کے نام سے ایس ای سی پی سے رجسٹریشن کا جعلی سرٹیفیکیٹ بھی آویزاں کر رکھا ہے۔ یا رہے کہ اس کمپنی کی ویب سائٹ http://reliablestate.co ہے۔

عوام الناس کو انتباہ کیا جاتا ہے کہ ریلائبل اسٹیٹ کے نام سے کوئی کمپنی ایس ای سی پی سے رجسٹرڈ نہیں۔ مزید ازان، واضح رہے کی کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت پاکستان میں ملٹی لیول مارکیٹنگ، منافع کے حصول کی پانزی یا پیرامڈ سکیموں کی اجازت نہیں اواس طرح کا کوئی بھی کاروبار ممنوع ہے اور قانون کی خلاف ورزی تصور کیا جاتا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005